امیر مودود کا آخری جہاد ۵۰۶ھ میں امیر مودود نے [illegible] [illegible] [illegible] مقابلہ [illegible]

معرکہ طبریہ چنانچہ آخر ۵۰۶ھ میں [illegible]

مکمل سکینڈ

قطلغ تگین والی دمشق کی تحریک سے امرائے اسلام میں پھر ایک جوش پیدا ہوا۔ چنانچہ ۵۰۶ھ میں امیر مودود والی موصل، تمیرک والی سنجار، امیر ایاز بن ایلغازی اور قطلغ تگین والی دمشق نے متحدہ قوت سے عیسائیوں کے خلاف جہاد کے ارادے سے قدم بڑھایا۔ فرات عبور کر کے بیت المقدس کی تسخیر کے ارادے سے بڑھ رہے تھے۔ بغدوین کو اس کی اطلاع ہوئی تو طرابلس والی کو باخبر کیا۔ اس نے امداد کا وعدہ کیا۔ ادھر بھی یہ لشکر بڑھا۔ جب دونوں فریقوں نے صف آرائی کی، معرکہ کارزار گرم ہو گیا۔ عیسائیوں کی فوج میدان جنگ سے بھاگ کھڑی ہوئی۔ ایک بڑا گروہ مارا گیا۔ بہت سے دریا میں ڈوب گئے۔ بہت سے گرفتار ہوئے۔ لشکر اسلام نے ان کے کیمپ اور سفر کے سامان کو لوٹ لیا۔

امیر مودود کا قتل: عیسائیوں کا شکست خوردہ لشکر طرابلس ہو کر ایک عیسائی لشکر سے جا ملا۔ بغدوین نے حاکم انطاکیہ سے مدد اور اعانت کا خواستگار ہوا۔ انھوں نے نہایت جوش اور مسرت سے عیسائیوں کی درخواست قبول کی اور سب کے سب متفق ہو کر جنگ کے ارادے سے روانہ ہوئے۔ طبریہ کے کنارے آ کر ٹھہرے۔ لشکر اسلام نے عیسائی لشکر کا محاصرہ کر لیا۔ رسد و رسائل کی آمد بند کر دی (چھبیس یوم تک محاصرہ کیے رہے، کوئی عیسائی باہر نکل کر میدان میں جنگ کے لیے نہ نکلا) مجبوراً لشکر اسلام نے محاصرہ اٹھا کر عیسائی مقبوضات میں نابلس سے بیت المقدس تک غارت گری شروع کر دی۔ بلاد و قصبات اور شہروں کو ویران کیا۔ جو عیسائی برسر مقابلہ آیا مارا گیا۔ کسی عیسائی سردار کے کان پر جوں نہ رینگی۔ لشکر اسلام مظفر و منصور دمشق پہنچا۔ امیر مودود نے فوجوں کو آرام لینے کی غرض سے اپنے اپنے وطن کی طرف جانے کی اجازت دے دی اور بہ غرض جہاد آئندہ موسم بہار تک قیام کا قصد کیا۔ بادشاہ قطلغ تگین کے ہمراہ دمشق میں مقیم رہا۔ جمعہ کا دن تھا، جامع مسجد میں جمعہ پڑھنے کو گیا۔ قطلغ تگین کے ساتھ ہاتھ سے ہاتھ ملائے ہوئے جامع ہی میں تھا کہ ایک باطنی نے خنجر سے چار کاری زخم لگائے جس کے صدمہ سے اسی دن شام ہوتے ہوتے پیام اجل کو لبیک کہہ کر عالم آخرت اختیار کیا۔ قاتل اسی وقت گرفتار کر لیا گیا۔ قطلغ تگین نے اسی دن امیر مودود کے قصاص میں اسے بھی قتل کر ڈالا۔

آقسنقر برسقی: سلطان محمد کو اس واقعہ کی اطلاع ہوئی تو موصل و دیار بکر کے صوبے پر آقسنقر برسقی کو ۵۰۸ھ میں مامور کیا۔ اپنے بیٹے ملک مسعود کو ایک عظیم فوج کے ساتھ آقسنقر برسقی کے ہمراہ موصل روانہ فرمایا اور عیسائیوں پر جہاد کرنے کا حکم دیا۔ امرائے اطراف کو آقسنقر کی اعانت و امداد کی ہدایت کی۔ آقسنقر برسقی کوچ کرتا ہوا رہا پہنچا۔ حسب فرمان شاہی چاروں طرف سے امدادی فوجیں آ کر شریک ہو گئیں۔ عماد الدین زنگی بن آقسنقر (پدر سلطان نور الدین محمود فاتح مصر و شام) اور تمیرک والی سنجار بھی آگئے۔ آقسنقر برسقی نے ان سب لشکروں کو مرتب کر کے جزیرہ ابن عمر کی طرف کوچ کیا۔ امیر مودود کے باپ نے اطاعت قبول کر کے اظہار فرمانبرداری کیا۔ اس کے بعد آقسنقر برسقی ماردین پہنچا۔ ایلغازی والی ماردین نے حسب ارشاد سلطان اطاعت کا اظہار کیا اور اپنے بیٹے ایاز کو مع فوج آقسنقر برسقی کے ہمراہ روانہ کیا۔ آقسنقر برسقی نے ان دونوں معاملات سے فراغت حاصل کر کے رہا پہنچ کر محاصرہ کر دیا۔ دو مہینے تک محاصرہ کیے رہا۔ زمانہ محاصرہ میں عیسائیوں سے لڑائیاں ہوتی رہیں۔ مگر کوئی نتیجہ خیز جنگ نہ ہوئی۔ رسد کی کمی کی وجہ سے آقسنقر برسقی

یہ مضمون تاریخ ابن خلدون جلد پنجم سے اور تاریخ کامل سے ماخوذ ہے۔ دیکھو تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۱۰ صفحہ ۲۰۸ مطبوعہ لیدن۔

کویا محاصرہ اٹھا لینا پڑا۔ شمیشاط کی طرف چلا گیا۔

ان لڑائیوں اور زمانہ محاصرہ الرہا میں الرہا، سروج اور شمیشاط کے مضافات و اطراف لشکر اسلام کی غارتگری کی نذر ہو گئے، دیہات، قصبات اور شہر اجڑ گئے۔

عیسائیوں کا ترک وطن اور روانگی انطاکیہ: اسی سنہ میں کرامک عیسائی بادشاہ مرعش، کیسوم اور رعبان کا انتقال ہو گیا تھا۔ اس کی بیوی، لشکر اور حکومت پر قابض ہو گئی۔ برسقی کی خدمت میں نیاز نامہ بھیجا۔ اطاعت و فرمانبرداری کا اظہار کیا۔ برسقی نے بھی اپنا سفیر روانہ کیا۔ بیوہ کرامک نے برسقی کے سفیر کی عزت کی، نذرانے اور تحائف دے کر برسقی کی خدمت میں واپس کیا۔ اس واقعہ سے بہت سے عیسائی ترک وطن کر کے انطاکیہ چلے گئے۔

ایاز بن ابو الغازی کی گرفتاری و رہائی: اس کے بعد برسقی نے ایاز بن ابو الغازی کو اس وجہ سے کہ ابو الغازی نے برسقی کے حکم کی تعمیل نہیں کی تھی، گرفتار کر لیا۔ ابو الغازی کو اس کی اطلاع ہو گئی۔ فوجیں مرتب کر کے برسقی سے جنگ کرنے کے لیے کوچ کر دیا۔ چنانچہ ابو الغازی اور برسقی سے معرکہ آرائی ہوئی۔ برسقی شکست کھا کر بھاگ کھڑا ہوا۔ ابو الغازی نے اپنے بیٹے کو قید سے چھڑا لیا۔ جیسا کہ آپ ابو الغازی کے سنہ حکومت کے تذکرے میں پڑھیں گے۔

ابو الغازی کی گرفتاری: سلطان محمد نے ابو الغازی کو اس حرکت پر عتاب آمیز خط لکھا۔ انجام کار اور شاہی قوت کی دھمکی دی۔ ابو الغازی بخوف سلطان، طغتکین والی دمشق کے پاس چلا گیا۔ والی دمشق طغتکین اور عیسائی امراء شام نے باہم ایک دوسرے کی امداد کی قسمیں کھائیں۔ ابو الغازی دیار بکر کی طرف واپس ہوا۔ قرجان بن قراجہ والی حمص کو اس کی خبر لگ گئی۔ اچانک موت کی طرح ابو الغازی کے سر پر پہنچ گیا۔ ابو الغازی کے امراء جو چند روز آرام کرنے کی غرض سے اپنے شہروں کو چلے گئے تھے، چند سوار اس کی رکاب میں باقی رہ گئے تھے۔ قرجان کو اس ارادے میں کامیابی ہوئی۔ ابو الغازی کو گرفتار کر لیا۔ طغتکین والی دمشق اس خبر سے آگاہ ہو کر اپنی فوج کے ساتھ دوڑ پڑا۔ قرجان کو ابو الغازی کی رہائی کا پیام بھیجا۔ قرجان نے انکاری جواب دیا اور یہ کہلا بھیجا "اگر طغتکین الٹے پاؤں واپس نہ جائے گا تو میں ابو الغازی کو قتل کر ڈالوں گا۔ آئندہ جو کچھ ہونا ہو گا ہو گا" طغتکین دمشق کی جانب واپس ہوا۔

ابو الغازی کی رہائی: قرجان نے ان واقعات کی دربار شاہی میں اطلاع کر دی تھی اور حکم کا انتظار کر رہا تھا۔ اتفاق سے جواب آنے میں تاخیر ہوئی۔ اس وجہ سے ابو الغازی سے قسم لے کر اور اس کے بیٹے ایاز کو بطور ضمانت کے اپنے قبضہ میں کر کے رہا کر دیا۔ چنانچہ ابو الغازی قید سے رہا ہو کر حلب گیا اور ترکمانوں کو جمع کر کے قرجان کا محاصرہ کر لیا۔ اپنے بیٹے ایاز کی رہائی کا مطالبہ کیا۔ اسی اثنا میں شاہی لشکر آ گیا۔

ابو الغازی اور طغتکین کی بغاوت: آپ اوپر پڑھ آئے ہیں کہ ابو الغازی اور طغتکین والی دمشق نے سلطان محمد کے خلاف علم بغاوت بلند کر دیا تھا اور عیسائیوں کی قوت مسلمانوں کے مقابلہ میں بہت بڑھ گئی تھی۔ سلطان محمد نے اس کا احساس کر کے ایک بڑی فوج جس کا سپہ سالار "امیر برسق" والی ہمدان تھا۔ ابو الغازی، طغتکین کو ہوش میں

لانے اور عیسائیوں پر جہاد کرنے کی غرض سے روانہ کیا۔ اس لشکر میں امیر جیوش بک، امیر کنتغدی اور [illegible] شامل لشکر بھی شریک تھے۔ ماہ رمضان ۵۰۸ھ میں یہ لشکر روانہ ہوا اور دریائے فرات کو رقہ کے قریب سے عبور کر کے حلب پہنچا۔ لولو خادم والی حلب اور سپہ سالار لشکر حلب "شمس الخواص" سے حلب کو سپرد کرنے کا مطالبہ کیا۔ شاہی فرمان دکھایا۔ لولو اور شمس الخواص نے جواب میں حیلہ حوالہ سے ٹال دیا اور فی الفور ابوالغازی اور طغتکین کو یہ واقعات لکھ بھیجے۔ امداد کے لیے بلایا۔ چنانچہ ابوالغازی اور طغتکین دو ہزار سواروں کی جمعیت سے آ گیا۔ اہل حلب نے شہر حوالہ کرنے اور شاہی فرمان کی تعمیل سے انکار کر دیا۔ برسق نے شاہی لشکر کو دمشق کی طرف بڑھنے کا حکم دیا۔ حماۃ پر طغتکین کے زیر حکومت تھا برسق نے بزور تیغ اس کو فتح کر کے حسب فرمان سلطان قرجان کے سپرد کیا۔ اس سے تمام امراء لشکر ناراض ہو گیا۔

قلعہ فامیہ کا محاصرہ جب حماۃ قرجان کو دے دیا گیا تو ایاز ابن ابوالغازی نے اپنے بچے ضمانت کے طور پر قرجان کے حوالہ کر دیا۔ ابوالغازی، طغتکین اور شمس الخواص شاہی لشکر کے مقابلہ میں امداد حاصل کرنے کی غرض سے انطاکیہ چلے گئے۔ بردویل والی انطاکیہ سے ملے۔ سب کی رائے ایک ہی اتفاق سے بغدوین والی قدس، [illegible] ودوق طرابلس وغیرہ عیسائی سلاطین بھی اکٹھا ہو گئے۔ لشکر اسلام سے جنگ کرنے کی بابت مشورہ ہوا۔ یہ بات قرار پائی کہ اس وقت مسلمانوں سے جنگ نہ کی جائے۔ قلعہ فامیہ میں چل کر قیام کیا جائے اور جب موسم سرما آ جائے اور لشکر اسلام موسم سرما کی وجہ سے متفرق ہو جائے تو مسلمانوں پر حملہ کیا جائے۔ دو مہینے تک اسی قرارداد کے مطابق قلعہ فامیہ میں ٹھہرے رہے۔ موسم سرما آ گیا۔ لیکن اسلامی عساکر موسم سرما میں متفرق نہ ہوئے۔ اس سے عیسائیوں کا جوش ٹھنڈا ہو گیا۔ سب ارادوں اور منصوبوں کا خون ناحق کر کے اپنے اپنے شہروں کو لوٹ گئے۔ ابوالغازی ماردین کی جانب اور طغتکین دمشق کی جانب واپس گیا۔ عساکر اسلامیہ نے کفر طاب (عیسائی حکومت) کی طرف حرکت کی۔ پہنچتے ہی محاصرہ کر لیا اور بزور تیغ قبضہ کر کے والی کفر طاب کو گرفتار کر لیا، باقی ماندہ عیسائی جنگ آوروں کو قتل کر ڈالا۔ اس کے بعد قلعہ فامیہ پر حملہ آور ہوئے۔ اہل قلعہ نے دروازہ بند کر لیا۔ قلعہ نہایت مضبوط تھا۔ کسی طرف سے حملہ کرنے کا موقع نہ ملا۔

عیسائیوں کی غارت گری فامیہ سے ناامید ہو کر معرہ کی طرف واپس ہوئے۔ معرہ بھی عیسائیوں کے قبضہ میں تھا۔ جیوش بک عساکر اسلامیہ سے علیحدہ ہو کر [illegible] کی طرف گیا اور بزور تیغ اس پر قبضہ کر لیا۔ بقیہ اسلامی لشکر معرہ سے حلب چلا آیا۔ حسب دستور تمام اسباب اور خیموں کو آگے روانہ کر دیا۔ تھوڑی سی فوج حفاظت کی غرض سے ساتھ تھی۔ بقیہ فوج متفرق طور پر بے خوف و خطر ہو کر کوچ کر رہی تھی۔ ہنوز منزل پر نہ پہنچی تھی کہ ادھر روجیل والی انطاکیہ نے کفر طاب کے محاصرہ کی خبر سن کر پانچ سو سوار اور دو ہزار پیادوں کی جمعیت سے کفر طاب کی امداد کے لیے روانہ ہو گیا تھا۔ مسلمانوں کو اس کی خبر نہ تھی۔ یہ دونوں لشکر سے

؎ انطاکیہ سے [illegible] قریب واقع ہے۔ [illegible]۔ مترجم عفی عنہ

قریب پہنچ کر [illegible] قتل [illegible] تمام مال و اسباب [illegible] قبضہ کر لیا۔ [illegible] امیر برسق [illegible] آ پہنچا [illegible] مسلمانوں [illegible] اپنے بھائی کے [illegible] مجبور ہو کر [illegible] جنگ [illegible] جب امیر برسق [illegible] چاروں طرف سے مسلمانوں [illegible] قتل کرنے [illegible] کیا۔

امیر برسق کی وفات [illegible] مسلمانوں کے [illegible] اسماعیلیہ کے [illegible] امیر برسق [illegible] اپنے [illegible] ہوا تھا۔

جیوش بیگ اور مسعود بن سلطان محمد کی موصل پر حکومت [illegible] موصل اور اس کے نواح کی حکومت [illegible] جیوش بیگ [illegible] حکومت [illegible] جیوش بیگ کے ہمراہ [illegible] تھا یہاں تک کہ سلطان محمد نے وفات پائی۔

چاولی سقاؤ اور سلطان محمد [illegible] سلطان محمد [illegible] راضی ہو گیا [illegible] خدمت [illegible] ہو جائے گا۔

چاولی کا قلعہ اصطخر پر قبضہ [illegible] سلطان [illegible] کی طرف [illegible] قلعہ اصطخر [illegible] قبضہ [illegible]

دیا۔

جاولی اور حسین بن [illegible]: اس کے بعد جاولی [illegible]

[illegible]

جاولی کی فتوحات: جاولی نے اس کے [illegible]

[illegible]

فتح دارا و جزیرہ: [illegible]

[illegible]

کرمان پر فوج کشی: اس [illegible]

[illegible]

جواب دیا کہ [illegible]

[illegible]

جاولی کی شکست [illegible]

[illegible]

جاولی کا انتقال [illegible] سلطان محمد کی [illegible]

[illegible]

سلطان محمد کی وفات [illegible] سلطان محمد نے اپنی حکومت کے [illegible]

انتقال [illegible]

کرنے کی وصیت کر دی۔ جب [illegible] نے وفات پائی تو [illegible] حکومت [illegible] تک پہنچ گیا تھا۔

علامہ [illegible] آپ [illegible] ہیں۔[1]

---

[1] علامہ [illegible] میں ہے۔

باب : ۴

سلطان محمود بن سلطان محمد

سلطان محمود کا خطبہ: سلطان محمود نے تخت حکومت پر متمکن ہو کر کمال الملک کو وزارت وزیر السلطنت پر مقرر کیا۔ خلیفہ مستظہر باللہ کی خدمت میں عرض داشت بھیجی کہ خطبہ میں نام داخل ہونے کی اجازت طلب کی۔ چنانچہ نصف محرم (تیرھویں محرم) جمعہ کے دن محمود کے نام کا خطبہ جامع بغداد میں پڑھا گیا۔ بغداد کی پولیس افسری پر بہروز (مجاہد الدین بہروز) کو بحال رکھا۔ سلطان محمد نے اسے اس عہدہ پر پہلے ہی سے مقرر کیا تھا۔

بہروز کی معزولی: آقسنقر برسقی رحبہ میں رہتا تھا سلطان محمد نے آقسنقر برسقی کو رحبہ جاگیر میں دے دیا تھا۔ آقسنقر برسقی رحبہ میں اپنے بیٹے عز الدین مسعود کو اپنا نائب مقرر کر کے سلطان محمد کے انتقال سے قبل جاگیر بڑھانے کی غرض سے سلطان محمد کی خدمت میں آ رہا تھا کہ راستہ ہی میں یہ معلوم ہوا کہ سلطان محمد کا انتقال ہو گیا ہے۔ بغداد کی جانب لوٹ پڑا۔ بہروز افسر پولیس بغداد کو اس کی اطلاع ہوئی تو برسقی کو بغداد میں داخل ہونے سے روک دیا۔ برسقی سلطان محمود کی خدمت میں باریاب ہوا چونکہ امراء دولت میں بعض امراء بہروز سے ناراض تھے اس وجہ سے عرض معروض کر کے بغداد کی پولیس افسری پر برسقی کی تقرری اور بہروز کی معزولی کا فرمان صادر کرا دیا۔ جس وقت برسقی دارالخلافت بغداد میں اپنی تقرری اور بہروز کی معزولی کا فرمان ساتھ لیے ہوئے داخل ہوا۔ بہروز بغداد چھوڑ کر تکریت چلا گیا۔ اس کے بعد سلطان محمود نے بغداد کی پولیس افسری پر امیر جیوش الدین منکبرس کو مقرر کیا۔ امیر منکبرس نے اپنے بیٹے حسین کو نائب بنا کر بغداد روانہ کیا۔ برسقی کو اس کی خبر لگی۔ فوجیں مرتب کر کے مقابلہ پر آیا۔ لڑائی ہوئی۔ حسین کو شکست ہوئی اور مارا گیا۔ باقی ماندہ سلطان محمود کے پاس بھاگ آئے۔ یہ واقعہ خلیفہ مستظہر کے انتقال سے پہلے کا ہے۔

دبیس بن صدقہ: دبیس بن صدقہ اسی زمانہ سے سلطان محمد کی خدمت میں تھا جب کہ اس کا باپ صدقہ مارا گیا تھا جیسا کہ آپ اوپر پڑھ آئے ہیں۔ سلطان محمد نے اس کے ساتھ بڑی مہربانیاں کی تھیں اور بے حد عزت افزائی کی تھی۔ اس نے حلہ پر اپنی طرف سے سعید بن حمید عمری کو مقرر کر رکھا تھا۔ سلطان محمد کی وفات کے بعد سلطان محمود سے اجازت حاصل کر کے سلطان محمود کے پاس سے حلہ چلا آیا۔ اب عربوں، کردوں اور ترکوں کا ایک بڑا گروہ جمع ہو گیا۔

خلیفہ مستظہر باللہ کی وفات: ان واقعات کے بعد خلیفہ مستظہر باللہ بن مقتدی بامر اللہ نے ۱۶ ربیع الآخر ۵۱۲ھ میں وفات پائی۔ اس کا بیٹا مسترشد باللہ تخت خلافت پر متمکن ہوا۔ اس کا نام فضل تھا۔ ابو منصور کنیت تھی۔ خلافت عباسیہ کے ضمن میں ہم اسے تحریر کر آئے ہیں۔

ملک مسعود اور برسقی: ہم اوپر تحریر کر آئے ہیں کہ سلطان محمد نے اپنے بیٹے مسعود کو موصل کی حکومت پر مامور کیا تھا۔ اس کا اتالیق جیوش بیگ اس کے ساتھ تھا۔ جب سلطان محمود کی وفات کی خبر ملک مسعود کو پہنچی تو ملک مسعود نے موصل سے طلب سلطنت کے خیال سے کوچ کر دیا اتابک جیوش بیگ وزیر السلطنت فخر الملک ابو علی بن عمار (والی طرابلس) قسیم الدولہ زنگی بن آق سنقر والی سنجار ابو الہیجاء والی اربل اور کر [illegible] بن خراسان ترکمانی والی بلاد تکریت وغیرہ بڑی بڑی فوجوں کے ساتھ رکاب میں تھے۔ دبیس نے ان لوگوں کی موافقت پر کمر باندھی مجبور ہو کر دار الخلافت کی جانب روانہ ہوئے برسقی افسر پولیس بغداد خوف کر مقابلے میں آیا اور ان لوگوں کو بغداد میں داخل ہونے سے روک دیا۔ ملک مسعود نے یہ دیکھ کر جیوش بیگ کو برسقی کے پاس بھیجا اور کہلا بھیجا کہ ”ہم لوگ تم سے لڑنے کے لیے نہیں بلکہ اس والی حلہ کے مقابلے میں تم سے امداد طلب کرنے کے لیے آئے ہیں تم ہمارا ساتھ دو اور ہمارے ساتھ مل کر دبیس پر چڑھائی کرو“۔ برسقی اس پیغام پر راضی ہو گیا، باہم معاہدہ و پیمان ہوا چنانچہ ملک مسعود نے بغداد پہنچ کر دار المملکت میں قیام کیا۔

ملک مسعود اور برسقی کی جنگی تیاری: برسقی نے امیر منصور کے بیٹے حسن کو شکست دے کر مار ڈالا تھا جیسا کہ آپ اوپر پڑھ آئے ہیں۔ چنانچہ امیر منصور لشکر مرتب کر کے برسقی کی گوشمالی کے لیے بغداد کی طرف روانہ ہوا۔ جب اسے اس امر کی اطلاع ہوئی کہ ملک مسعود بغداد میں داخل ہو گیا ہے تو صحرا کی جانب سے جلد کوچ کر کے دبیس کے پاس پہنچ کر امداد کی درخواست کی۔

امیر منصور کی آمد اور واپسی کی خبر ملک مسعود کو ہوئی تو دجلہ کو عبور کر کے نکلا۔ جیوش بیگ، برسقی وغیرہ امراء رکاب میں تھے [illegible] تک پہنچا امیر منصور اور دبیس کی فوجوں کی کثرت نے کم ہمت کر دیا۔ آگے بڑھنے کی جرأت نہ ہوئی۔ یہ حال تھا [illegible] کے چار [illegible] تو [illegible] نے ملک مسعود اور برسقی کو ان کی زیادتیوں اور [illegible] کی شکایت لکھ بھیجی اور باہم مصالحت کر لینے کی ہدایت کی۔ اسی اثناء میں یہ خبر پہنچی کہ امیر منصور اور دبیس نے [illegible] اور [illegible] کو ایک [illegible] لشکر دے کر بغداد کی مدد کے لیے روانہ کیا ہے۔

برسقی کی مراجعت: برسقی یہ خبر سن کر اپنے بیٹے عز الدین مسعود کو اپنے لشکر پر نائب مقرر کر کے بوقت شب بغداد کی جانب روانہ ہوا۔ جب پل ..... پر پہنچا تو دبیس اور امیر منصور نے دریا عبور کرنے سے روک دیا اور رات بھر دونوں فریق ایک دوسرے کے مقابل ٹھہرے رہے۔ صبح ہوتے ہی امیر عز الدین مسعود کا خط پہنچا لکھا تھا کہ ملک مسعود اور سلطان محمود (کے) درمیان مصالحت ہو گئی ہے۔ اس خبر سے برسقی کو مراجعت اختیار کرنا پڑا۔ پل کے اتر کے [illegible] جانب غربی سے دریا عبور کر کے اس کے بعد ملک مسعود اور حسین بھی اپنا لشکر لیے ہوئے بغداد میں داخل ہو گئے۔ جامع مسجد سلطانی کے قریب قیام کیا۔ برسقی کا خیمہ شط [illegible] نصب کیا گیا۔ مسعود اور جیوش بیگ نے [illegible] خان کے قریب قیام کیا [illegible] اور

۔ اصل کتاب میں اس مقام پر کچھ نہیں لکھا ہے۔

منکبرس رقہ کے نیچے قیام پذیر ہوئے۔ عزالدین مسعود بن برسقی نے اپنے باپ سے علیحدہ ہو کر منکبرس کے پاس آ کر مراجعت کیا۔

سلطان محمود اور ملک مسعود میں مصالحت: صلح کا سبب یہ ہوا کہ جیوش بیک نے سلطان محمود کی خدمت میں عریضہ بھیجا تھا کہ میری جاگیر اور ملک مسعود کی جاگیر میں اضافہ کر دیا جائے۔ چنانچہ سلطان محمود نے آذربائیجان کو ان دونوں کی جاگیروں میں اضافہ کر دیا۔ اس کے بعد یہ خبر گوش گزار ہوئی کہ یہ دونوں (جیوش بیک اور ملک مسعود) بغداد کی جانب جا رہے ہیں اس سے سلطان محمود کو ان دونوں کی بغاوت کا خطرہ پیدا ہوا۔ شاہی فوجوں کو موصل کی جانب بڑھنے کا حکم دیا۔ جیوش بیک کے قاصد نے جو سلطان محمود کے دربار میں خط لے کر آیا تھا یہ واقعات لکھ بھیجے۔ اتفاق سے یہ خط منکبرس پولیس افسر بغداد کے ہاتھ لگ گیا۔ منکبرس نے اس خط کو جیوش بیک کے پاس بھیج دیا اور سلطان سے اس کی اور ملک مسعود کی صفائی کرا دینے کا ذمہ دار ہوا۔ چنانچہ منکبرس نے درمیان میں پڑ کر دونوں بھائیوں میں مصالحت کرا دی۔ پھر دونوں بھائیوں کو یہ اندیشہ پیدا ہوا کہ مبادا برسقی صلح میں خلل انداز ہو۔ اس وجہ سے دونوں نے اتفاق کر کے برسقی کو شحنگی اور دارالخلافت بغداد سے علیحدہ کر دیا۔ امیر منکبرس بغداد کا پولیس افسر مقرر ہوا۔

امیر منکبرس: چونکہ امیر منکبرس نے ملک مسعود کی ماں سے جس کا نام سرجہاں تھا عقد کر لیا تھا اس وجہ سے ملک مسعود پر امیر منکبرس کا اثر زیادہ تھا اور اسی کے مشورہ سے ملک مسعود تمام کام انجام دیتا تھا۔ امیر منکبرس نے بغداد کی پولیس افسری پر مقرر ہونے کے بعد رعایا کے مال و عزت پر دست درازی شروع کر دی۔ ظلم و ستم کی کوئی حد باقی نہ رہی۔ ان واقعات کی خبر سلطان محمود کے کانوں تک پہنچی، طلبی کا فرمان بھیجا۔ امیر منکبرس حیلہ و حوالہ سے ٹالتا رہا۔ بالآخر منکبرس نے اہل بغداد کے خوف سے انحراف کر ہی دیا۔ [illegible]

ملک طغرل بن سلطان محمد: ملک طغرل بن سلطان محمد اپنے باپ کی وفات کے وقت قلعہ سرجہاں میں مقیم تھا۔ [1]۵۰۴ھ میں اس کے باپ نے ساوہ، آوہ اور زنجان جاگیر میں دیا تھا اور امیر شیرگیر کو اس کا اتابک (اتالیق) مقرر کیا تھا۔ امیر شیرگیر وہی ہے جس نے اسماعیلیہ کے قلعوں کا محاصرہ کیا تھا جیسا کہ اسماعیلیہ کے حالات میں بیان کیا جائے گا۔ ملک طغرل کی عمر اس وقت دس برس کی تھی۔ سلطان محمود نے تخت حکومت پر متمکن ہونے کے بعد کنتغدی (کنتغدی) کو اپنے بھائی (ملک طغرل) کا اتابک اور اس کی حکومت کا مدبر و منتظم مقرر کر کے روانہ کیا اور یہ ہدایت کر دی کہ جس قدر جلد ممکن ہو ملک طغرل کو شاہی دربار میں لے آئے۔

ملک طغرل کی بغاوت: چونکہ امیر کنتغدی کا دل سلطان محمود کی طرف سے صاف نہ تھا نتیجہ یہ نکلا کہ ملک طغرل کو بغاوت پر ابھارا اور شاہی دربار میں حاضری سے روک دیا۔ یہ خبر سلطان محمود تک پہنچی۔ سلطان محمود نے تالیف قلوب کے خیال سے خلعت، تحائف اور تیس ہزار دینار نقد روانہ کیے اور جاگیر دینے کا وعدہ کیا۔ لیکن اس پر بھی ملک طغرل کا دل اپنے بھائی کی خدمت میں حاضر ہونے پر مائل نہ ہوا۔ امیر کنتغدی نے جواب میں عریضہ بھیج دیا کہ ہم لوگ شاہی

---

[1] [illegible] اور قلعہ سرجہاں [illegible] ذکر کیا تھا۔ دیکھو تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۱۰ صفحہ ۲۸۳ مطبوعہ مصر [illegible]۔

[illegible]

سلطان محمود کی ملک طغرل پر فوج کشی [illegible]

ملک تجر [illegible]

ملک تجر کی غزنی پر فوج کشی [illegible]

[illegible]

[illegible]

سلطان محمود اور ملک سنجر: سلطان محمود نے ملک سنجر کے قصد سے مطلع ہو کر شرف الدین انوشیروان بن خالد اور فخر الدین طغرل کو تحائف دے کر روانہ کر دیا۔ چنانچہ یہ ملک سنجر کی خدمت میں روانہ ہوئے اور یہ عرض کی "کہ آپ کا چھوٹا سا دراصل آپ ہی کا ساختہ پرداختہ ہے ملک و مال بھی آپ ہی کا ہے آپ مجھ پر فوج کشی کی زحمت نہ اٹھائیے" ملک سنجر نے دونوں قاصدوں کو جواب دیا "بچہ ابھی ہے میرا بھتیجا محمود ابھی بچہ ہے اس کو وزیر اور امراء کا غلبہ ہے" علی بن عمر اس پر غالب و چھایا ہوا ہے سوائے فوج کشی کرنے کے اور کوئی چارہ کار نہیں ہے۔ شرف الدین اور فخر الدین یہ سن کر خاموش ہو گئے اور لوٹ کر واپس آ گئے۔

امیر انز کی پیش قدمی و مراجعت: ملک سنجر نے سلطان محمود سے جنگ کرنے کے لیے فوجیں مرتب کیں۔ امیر انز کو مقدمۃ الجیش کا سردار بنا کر جرجان کی جانب بڑھنے کا حکم دیا۔ سلطان محمود نے یہ خبر پا کر اپنے حاجب علی بن عمر کو جو کہ اس کے باپ کا بھی حاجب رہ چکا تھا دس ہزار فوج کے ساتھ امیر انز کی روک تھام کی غرض سے روانہ کیا۔ جس وقت علی بن عمر امیر انز کے لشکر کے قریب پہنچا (امیر انز اس وقت جرجان میں پڑاؤ ڈالے ہوئے تھا) کہلا بھیجا "امیر انز! تم کو شرم نہیں آتی کیا تم نے مرحوم سلطان محمد کی وصیت بالکل بھلا دی ہے کیا تمہیں یہ یقین ہے کہ ملک سنجر کی نیت اچھی ہے؟ وہ اپنے بھتیجے سلطان محمود سے ملک کی خلافت کی غرض سے یہ تکلیف اٹھا رہے ہیں جوش کے ساتھ لڑو سلطنت محمود کا ہے بہتر یہ ہے کہ تم جرجان سے واپس ہو جاؤ" امیر انز اس پیام کے سنتے ہی متاثر ہو کر جرجان سے واپس ہو گیا۔

سلطان محمود کی روانگی ہمدان: اتفاق سے سلطان محمود کے لشکر کا ایک دستہ امیر انز کے لشکر پر جا پڑا اور اس نے اس کے بہت سا مال و اسباب لوٹ لیا مختصر یہ کہ علی بن عمر جب سلطان محمود کی خدمت میں واپس آیا۔ سلطان محمود نے علی بن عمر کی اس خدمت کا اعتراف کرتے ہوئے شکریہ ادا کیا اور چند دن رے میں قیام کر کے جرجان کی طرف کوچ کیا۔ جب جرجان میں عراق سے امدادی فوجیں امیر منکبرس اور منصور بن صدقہ برادر دبیس اور امراء بکیہ کی ماتحتی میں آ گئیں تب سلطان محمود نے ہمدان کی طرف روانگی کا قصد کیا۔ ہمدان میں پہنچ کر اس کا وزیر الاسفرائنی ... ربیب انتقال کر گیا ابو طالب سمیری کو عہدہ وزارت عنایت کیا۔

ملک سنجر کی سلطان محمود پر فوج کشی: ملک سنجر نے امیر انز کی شکست کے بعد بذات خود اپنے بھتیجے محمود سے جنگ کرنے کے لیے کوچ کیا امراء کبار میں سے یہ امراء ساتھ تھے ابو الفضل والی سجستان، علاؤ الدولہ خوارزم شاہ محمد، امیر انز، امیر قماج اور علاء الدولہ گرشاسف بن فرامرز بن کاکویہ والی یزد۔ علاء الدولہ گرشاسف سلطان محمد اور ملک سنجر کی بہن کا داماد تھا اور سلطان محمد کے خاص الخواص امراء میں سے تھا۔ سلطان محمد نے اسے یزد دے رکھا تھا۔ سلطان محمد کے مرنے کے بعد ملک سنجر نے علاء الدولہ کو ملانے کی کوشش کی تھی چنانچہ اسی وجہ سے علاء الدولہ نے سلطان محمود کی خدمت میں حاضر ہونے میں تاخیر کی۔ سلطان محمود نے اس کی جگہ اور یزد کا شہر امیر قراجہ ساقی کو دے دیا۔ علاء الدولہ ملک سنجر کے

اصل کتاب میں جگہ خالی ہے

پاس چلا گیا۔

سلطان محمود اور ملک سنجر کی جنگ قریب ساوہ ۱۳ جمادی الاول ۵۱۳ھ میں دونوں حریفوں نے صف آرائی کی۔ سلطان محمود کی فوج نے اس درہ پر پہنچ کر قبضہ کر لیا جو ساوہ اور خراسان کے درمیان تھا۔ سلطان محمود کی رکاب میں تیس ہزار فوج تھی۔ امراء نامدار میں سے حاجب علی بن عمر، امیر منکبرس، اتابک غزغلی، ابن برسق، دبیس کے لڑکے آقسنقر بخاری اور قراجہ ساقی تھے۔ سات سو اونٹ آلات حرب کے تھے۔ جب دونوں حریف صف آرا ہوئے تو میمنہ میسرہ سے مقابل ہو گئیں۔ ملک سنجر کے میمنہ اور میسرہ کی فوجیں میدان جنگ سے بھاگ کھڑی ہوئیں۔ لیکن ملک سنجر قلب لشکر لیے ہوئے ثابت قدمی سے لڑتا رہا۔ سلطان محمود سامنے سے حملہ پر حملہ کر رہا تھا۔ ملک سنجر نے جنگ کا یہ رنگ دیکھ کر ہاتھیوں کو آگے بڑھایا۔ ملک سنجر کے ہاتھی کا بڑھنا تھا کہ تمام کوہ پیکر جنگی ہاتھی جو تعداد میں اٹھارہ تھے، باعث حرکت میں آ گئیں۔ سلطان محمود کا لشکر بھاگ نکلا۔ اتابک غزغلی گرفتار ہو گیا۔ اتابک غزغلی ملک سنجر کو ہمیشہ لکھا کرتا تھا کہ میں آپ کے بھتیجے کو آپ کی خدمت میں حاضر کر دوں گا۔ جس وقت اتابک غزغلی ملک سنجر کے روبرو پیش ہوا تو ملک سنجر نے اسی وعدہ پر یاد دلا کے عدم وفا کا اظہار کیا۔ اتابک غزغلی نے معذرت کی۔ لیکن کچھ نہ بنی۔ تو قتل کا حکم دے دیا۔ اس نے مار ڈالا گیا۔ سلطان محمود کسی طرح سے جان بچا کر نکل گیا۔ ملک سنجر نے سلطان محمود کے خیمہ میں قیام کیا۔ سرداران لشکر نے منتشر ہو کر ہر طرف کی راہ لی۔ شکست یافتہ گروہ بغداد بھی جا پہنچا۔ دبیس ابن صدقہ نے خلیفہ مسترشد باللہ کو بھی اس فتح کی خبر دی۔ ملک سنجر کا نام خطبہ میں داخل کیے جانے کی اجازت طلب کی۔ چنانچہ جمادی الاول سنہ مذکور کے آخری جمعہ میں ملک سنجر کے نام کا خطبہ جامع بغداد میں پڑھا گیا اور سلطان محمود کے نام کا خطبہ موقوف کر دیا گیا۔

ملک سنجر کا پیام صلح فتح کے بعد ملک سنجر ہمدان چلا آیا اور اپنی فوج کی قلت اور سلطان محمود کی فوج کی کثرت کو محسوس کر کے سلطان محمود کے پاس صلح کا پیام بھیجا۔ ملک سنجر کی والدہ سلطان محمود کی دادی ملک سنجر کو سلطان محمود کی مخالفت اور اس سے جنگ کرنے سے روکتی تھی یہی وجہ تھی کہ ملک سنجر نے سلطان محمود کو شکست کے بعد تعاقب اور پامالی کا قصد نہیں کیا اور اس کی ہدایت اور تیز تحمل کی تعریف کی۔ سلطان محمود کو صلح کا پیام دیا۔

[illegible] ملک مسعود کے پاس آذربائیجان میں اس وقت سے تھا جب کہ یہ خفا ہو کر نکلا تھا۔ اس واقعہ کے بعد ملک مسعود کی رفاقت ترک کر کے ملک سنجر کی خدمت میں چلا آیا تھا۔

---

[1] اتابک غزغلی ظالم اور سفاک تھا۔ اہل ہمدان پر بہت ظلم کرتا تھا۔ خدا تعالیٰ نے اسے سزا دے دی۔ اہل ہمدان کو اس کی قتل ہونے سے نجات ہوئی۔ دیکھو تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۱۰ صفحہ ۲۸۸ مطبوعہ لیڈن۔

[2] [illegible] ایضاً (حوالہ ایضاً)

[3] سلطان محمود نے شکست کے بعد مع وزیر السلطنت ابو طالب سمیرمی کی انوشیروان حاجب اور قراجہ ساقی اصفہان میں جا کر قیام کیا۔ دیکھو تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۱۰ صفحہ ۲۸۸ مطبوعہ لیڈن۔

سلطان محمود اور ملک خلف میں مصالحت: اس کے بعد ملک خلف [illegible] سے [illegible] کی طرف روانہ ہوا [illegible] ملک خلف کا قاصد [illegible] کا پیام لے کر سلطان محمود کے پاس گیا تھا واپس آیا۔ سلطان محمود نے [illegible] خدمت [illegible] چنانچہ [illegible] اور مصالحت ہو گئی۔ [illegible] سلطان محمود [illegible] اپنے چچا کی خدمت میں حاضر ہوا [illegible] کے پاس [illegible] ملک خلف [illegible] سلطان محمود کا [illegible] محمود کو واپس کر دیا۔ سلطان محمود نے بھی حفاظت کر لی۔

قتل امیر منتصر: امیر منتصر [illegible] سلطان محمود کی شکست کے بعد [illegible] ملک خلف [illegible] سلطان محمود [illegible] قتل کرا دیا۔

قتل علی ابن [illegible]: [illegible] سلطان محمود [illegible] سلطان محمود [illegible] سلطان محمود [illegible] قتل کر کے [illegible]

اس کے بعد ملک خلف [illegible] کیا گیا۔

[illegible]

سنقر شاہی کا قتل: سلطان محمد نے جب آقسنقر بخاری کو حکومت بصرہ پر مامور کیا تھا۔ امیر آقسنقر نے اپنی جانب سے سنقر شاہی کو متعین کیا۔ سنقر شاہی نہایت رحم دل اور نیک سیرت تھا۔ سلطان محمد کے مرنے کے بعد غزغلی سردار ترکمان کا نائب (جو ہر سال بصرہ سے حاجیوں کو حج کرانے جایا کرتا تھا) اور سنقر الب نے سنقر شاہی کو گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیا اور بصرہ پر قبضہ کر لیا۔ یہ واقعہ ۵۱۲ھ کا ہے۔ سنقر الب نے سنقر شاہی کے قتل کا ارادہ کیا۔ غزغلی نے روکا۔ سنقر الب اپنے ارادہ سے باز نہ آیا اور سنقر شاہی کو قتل کر ڈالا۔ عوام میں تھوڑی سی شورش پیدا ہوئی۔ غزغلی نے امن و سکون کی منادی کرا دی۔ لوگ خاموش ہو گئے۔

علی بن سلیمان کا بصرہ پر قبضہ: ان دنوں بصرہ میں ایک اور امیر رہتا تھا جس کا نام علی بن سلیمان تھا۔ اس سال یہ حاجیوں کی امیری پر گیا ہوا تھا۔ اہل بصرہ لوٹ مار کرنے لگے تو اس وقت یہ موجود نہ تھا۔ غزغلی کو خطرہ پیدا ہوا کہ مبادا حج سے واپسی کے بعد علی بن سلیمان سنقر الب کے خون کا بدلہ مجھ سے لے۔ اس وجہ سے غزغلی نے بادیہ عرب کو جمع کر لیا۔ چنانچہ جب وہاں عرب نے قافلہ کو پہنچ کر علی بن سلیمان سے مقابلہ کیا تو بہ کمال جنگ شروع ہو گئی۔ اس کے بعد قریب بصرہ پہنچا۔ وہاں عرب متواتر حملے کر رہے تھے۔ غزغلی نے علی بن سلیمان کو بصرہ میں داخل ہونے سے روک دیا۔ علی بن سلیمان ان بیابانوں کی طرف چلا گیا جن میں عرب تھے اور جب وہاں پہنچ گیا تو دفعۃً عرب پر حملہ کر دیا۔ جو وہاں عرب کے پڑاؤ کئے تھے شکست کھا کر بھاگ گئے۔ غزغلی نے یہ رنگ دیکھ کر اپنی فوج کو مرتب کر کے میدان کا راستہ لیا۔ دونوں فریقوں میں لڑائی ہونے لگی۔ اتفاق سے غزغلی کو ایک تیر آ لگا۔ جس کے صدمہ سے جانبر نہ ہو سکا اور مر گیا۔ علی بن سلیمان نے جھنڈا لیے ہوئے بصرہ میں داخل ہو کر اس پر قبضہ کر لیا۔

آقسنقر بخاری کا بصرہ پر قبضہ: علی بن سلیمان نے قبضہ بصرہ کے بعد آقسنقر بخاری کے افسروں کو ان کے عہدوں پر بحال رکھا اور آقسنقر بخاری کی خدمت میں قاصد بھیج کر حکومت بصرہ کی درخواست کی۔ اس وقت آقسنقر بخاری سلطان محمود کے دربار میں تھا۔ انکاری جواب دیا۔ علی بن سلیمان نے خود مختار حکومت کا اعلان کر کے آقسنقر کے افسروں کو نکال دیا۔ یہاں تک کہ سلطان محمود نے آقسنقر بخاری کو ۵۱۷ھ میں بصرہ روانہ کیا اور اس نے علی بن سلیمان سے قبضہ لے لیا۔

تفلیس[1] پر کرج کا قبضہ: ایک زمانہ دراز سے کرج نے آذربائیجان اور بلاد اران کو اپنی غارت گری کی جولان گاہ بنا رکھا تھا۔ ابن اثیر نے لکھا ہے کہ کرج ہی کو خزر ترکمان کہتے ہیں۔ لیکن صحیح یہ ہے کہ خزر اور کرج اور ابخاز عالم کے سلسلے میں بیان کر آئے ہیں ان میں کچھ شک نہیں ہے کہ خزر اور کرج دونوں ایک ہیں یا ممکن ہے کہ کرج ان کے بعض شعوب سے ہوں۔ غرض جس وقت سلاطین سلجوقیہ کی حکومت مستقل ہو گئی اس وقت کرج غارت گری سے رک گئے اور بلاد

---

[1] تفلیس یہ کرجستان کی ایک ریاست ہے جو آرمینیہ کے شہروں میں شمار کی جاتی ہے۔ ابخاز کے قریب ہے اور اسی وجہ سے اس کو ابخاز بھی کہتے ہیں۔

[illegible] سلطان محمود [illegible] [illegible] قپچاق [illegible]

[illegible] **اور سلطان محمود** [illegible]

[illegible]

کے لیے تیار ہو رہا ان الفاظ سے غرض یہ تھی کہ دونوں بھائیوں (ملک مسعود اور سلطان محمود) میں جھگڑا ہو جائے لڑائی کا تجربہ کر چکے تھے کہ اس کی قدر و منزلت بڑھ جائے جیسا کہ یہ بروقت سلطان محمد کی لڑائی کے زمانہ میں اس کے باپ صدقہ کا جاہ و جلال بڑھ گیا تھا۔ یہی وجہ ہے اس نکتے سے جیسے کہ آقسنقر قسیم الدولہ برسقی کو دبیس کی گرفتاری کے خوف سے سلطان محمد کے پاس چلا گیا۔ سلطان محمود نے عزت و احترام سے ٹھہرایا اور قدر افزائی کی۔

وزیر ابو علی کی معزولی: اس کے بعد استاد ابو اسماعیل حسین بن علی اصفہانی طغرائی ملک مسعود کی خدمت میں حاضر ہوا۔ استاد ابو اسماعیل کا لڑکا ابو الموید محمد بن ابو اسماعیل ملک مسعود کا طغرائی (منشی) تھا۔ اس تعلق سے ملک مسعود نے وزیر السلطنت ابو علی بن عمار والیٔ طرابلس کو معزول کر کے استاد ابو اسماعیل کو اس عہدہ پر سرفراز فرمایا۔ یہ واقعہ ۵۱۳ھ کا ہے۔

جنگ سلطان محمود و ملک مسعود: استاد ابو اسماعیل نے دبیس کی تحریک کی تائید و تقویت کی۔ حکومت و سلطنت حاصل کرنے کی ترغیب دینے لگا۔ چنانچہ ایک قلیل مدت میں ملک مسعود کو اس کے بھائی سلطان محمود کی مخالفت پر ابھار دیا۔ سلطان محمود کو اس کی اطلاع ملی تو صاف لکھ بھیجا "اگر تم میری اطاعت و فرمانبرداری میں رہو گے تو میں یہ جاگیریں دوں گا۔ تمہارے منصب بڑھا دوں گا۔ تمہارے ساتھ حسن سلوک سے پیش آؤں گا اور اگر کسی کے کہنے سننے سے مخالفت کرو گے تو یاد رکھو کہ تمہارے ساتھ وہی برتاؤ کیا جائے گا جو ایک دشمن کے ساتھ کیا جاتا ہے۔" ملک مسعود کے کان پر جوں تک نہ رینگی۔ خوشامدیوں نے سلطان کے خطاب سے مخاطب کیا۔ شاہی نقارہ نوبت بجنے لگی۔ ان بے وقوفوں نے اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ سلطان محمود کی لشکر کشی کا احساس کر کے ملک مسعود کو سلطان محمود پر حملہ کرنے پر تیار کر دیا۔ چنانچہ مسعود چند ہزار فوج لے کر اپنے بھائی سلطان محمود سے جنگ کرنے کے لیے روانہ ہوا۔ عقبہ اسد آباد پر ماہ ربیع الاول ۵۱۴ھ کو دونوں بھائیوں کا مقابلہ ہوا۔ سلطان محمود کے مقدمۃ الجیش پر قسیم الدولہ برسقی تھا۔ صبح سے شام تک نہایت سختی سے لڑائی ہوتی رہی۔ بالآخر قسیم الدولہ برسقی نے ملک مسعود کے لشکر کو شکست دی۔ سرداران لشکر کا ایک گروہ گرفتار کر لیا گیا۔ ان میں استاد ابو اسماعیل وزیر السلطنت بھی تھا۔ اسے پابزنجیر سلطان محمود کے سامنے پیش کیا گیا۔ سلطان محمود نے کہا کہ اس کی بد اعتقادی اور الحاد کی شہرت ہو چکی ہے اسے بار حیات سے سبکدوش کر دو۔ چنانچہ اپنی وزارت کے ایک سال کے بعد اسے قتل کر دیا گیا۔[1]

استاد ابو اسماعیل اعلیٰ درجہ کا شاعر اور انشا پرداز تھا۔ کیمیا کا بے حد شوقین تھا۔ اس فن میں اس کی بہت سی معتبر تالیفات تھیں (جو ضائع ہو گئیں)

سلطان محمود اور ملک مسعود میں مصالحت: ملک مسعود شکست کے بعد ایک پہاڑ پر چلا گیا۔ جو میدان جنگ سے بارہ کوس کے فاصلہ پر تھا۔ دو تین دن روپوش رہا۔ تمام فوج اور سرداران لشکر منتشر ہو گئے تھے چند سواروں کو ہمراہ لے کر اپنے بھائی سلطان محمود کی خدمت میں صلح اور امان کا پیام بھیجا۔ سلطان محمود نے آقسنقر برسقی کو امان دے کر ملک

---

[1] استاد ابو اسماعیل [illegible] لامیۃ العجم [illegible]

مسعود کے حاضر ہونے سے پہلے مسعود کے پاس بھیجا۔ آقسنقر برسقی پہنچنے نہ پایا تھا کہ چونکہ [illegible] مراغہ کے امیر نے سمجھایا کہ آپ اپنے بھائی سلطان کے پاس تنہا جائیے بلکہ موصل یا آذربائیجان میں قیام فرمائیے۔ دبیس بن صدقہ سے خط و کتابت کر کے فوجیں فراہم کیجیے اور تم ملک گیری کے میدان جنگ میں آ جائیے اور سلطنت و حکومت کا تجربہ حاصل کیجیے۔ ملک مسعود اس فقرے میں آ گیا اور ان لوگوں کے ساتھ روانہ ہو گیا۔ اس کے بعد آقسنقر برسقی پہنچا۔ ملک مسعود کو نہ پایا۔ [illegible] تک بڑھا چلا گیا۔ [illegible] کر ملک مسعود سے ملا۔ سلطان کے خیالات سے آگاہ کیا۔ امان کا وعدہ کیا۔ ہر طرح سے تسلی کی۔ چنانچہ ملک مسعود اپنا ارادہ تبدیل کر کے آقسنقر برسقی کے ہمراہ سلطان محمود کی طرف روانہ ہوا۔ سلطان محمود کے لشکر سے سرداران لشکر نے استقبال کیا۔ سلطان محمود نہایت مہربانی سے پیش آیا۔ اپنی ماں کے پاس ٹھہرایا۔ معاف کیا۔ گزشتہ واقعات پر پردہ ڈالا اور اپنے ساتھ رکھا۔ سلطان محمود کے یہ مکارم اخلاق تھے۔ ملک مسعود کے نام کا خطبہ آذربائیجان اور بلاد موصل میں [illegible] پڑھا جاتا تھا کہ یہ واقعات پیش آئے۔

جیوش بیگ کی اطاعت جیوش بیگ معرکہ سے فرار ہو کر موصل پہنچا۔ موصل کے قریب و جوار سے رسد و غلہ جمع کیا فوجیں فراہم کیں جب اسے یہ خبر لگی کہ دونوں بھائیوں میں مصالحت ہو گئی اور سلطان محمود نہایت لطف و مہربانی سے پیش آیا تو یہ خیال کر کے کہ اب میں موجودہ حالت پر نہیں رہ سکتا شکار کھیلنے کے بہانہ سے آپ کی طرف روانہ ہوا اور نہایت تیزی سے مسافت طے کر کے سلطان محمود کی خدمت میں بمقام ہمدان حاضر ہوا۔ سلطان محمود نے اسے امان دی اور حسن اخلاق سے پیش آیا۔

اس شکست کی خبر دبیس کو عراق میں پہنچی۔ لوٹ مار شروع کر دی۔ افواج بھیجنا [illegible] نے [illegible] دیہات، قصبات اور شہروں کو ویران کر دیا۔ سلطان محمود نے ان لوگوں سے باز رہنے کے لیے لکھا لیکن دبیس نے کوئی توجہ نہ دی۔

موصل اور واسط پر آقسنقر کی گورنری: جیوش بیگ کو سلطان محمود نے اپنے دربار میں حاضر ہونے کے بعد اپنے بھائی طغرل اور اتابک کنتغدی کی طرف بھیج دینے کے لیے روانہ کر دیا۔ چنانچہ جیوش بیگ [illegible] کی طرف روانہ ہوا اور موصل بلا کسی حکمران کے رہ گیا۔ چونکہ آقسنقر برسقی نے اس جنگ میں نمایاں خدمات انجام دی تھیں۔ فنون جنگ سے اچھی طرح واقفیت رکھتا تھا، ہر کام میں مناسب مشورہ دیتا تھا اور اس کے بھائی ملک مسعود کو شکست کے بعد سمجھا بجھا کر واپس لایا تھا اس وجہ سے سلطان محمود پر اس کا ایک خاص اثر تھا اور اس کی قدر و منزلت کو وہ اپنا فرض سمجھتا تھا۔ موصل کی گورنری خالی ہونے پر آقسنقر برسقی کو اس کی سند حکومت عطا کی گیا اور جزیرہ کو موصل کے صوبے میں شامل کر دیا۔ ماہ صفر ۵۱۵ھ میں آقسنقر موصل کی جانب روانہ ہوا۔ اس کی روانگی کے بعد سلطان محمود نے اپنے تمام سرداران لشکر اور وزراء ملک کو تحریر کیا کہ تمام آقسنقر برسقی کی اطاعت کریں عیسائیوں سے جنگ کرنے اور ان سے بلاد اسلامیہ واپس لینے کی کوشش فرمائیں۔ آقسنقر برسقی موصل میں پہنچ کر ظلم و ستم کی بیخ کنی اور آبادی کی تدابیر کرنے لگا۔

۵۱۶ھ میں سلطان محمود نے واسط اور اس کے صوبے کی حکومت بھی آقسنقر برسقی کو مرحمت کی۔ عراق کا پولیس افسر مقرر کیا اور آقسنقر برسقی نے عماد الدین زنگی بن آقسنقر کو اس صوبہ کا اپنی طرف سے حاکم مقرر کیا۔ [illegible] ماہ شعبان میں آکر

[illegible] ترکی کو بُست کی طرف روانہ ہوا۔

[illegible]

جیوش بیگ کا قتل: آپ اوپر پڑھ آئے ہیں کہ سلطان محمود نے جیوش بیگ کو اپنے دربار میں حاضر ہونے کے بعد اپنے بھائی طغرل کی جنگ پر روانہ کیا تھا۔ اسی سلسلہ میں آذربائیجان کی حکومت کی نیابت کی۔ امراء اور ارکین دولت جیوش بیگ کی ترقی مراتب [illegible] سلطان محمود سے اس کی چغلی کرنے لگے۔ تو آخر کار سلطان محمود اس کے قتل پر تیار ہو گیا چنانچہ ماہ رمضان ۵۱۶ھ میں سلطان محمود نے اس کو باب تبریز پر حیات سے محروم کر دیا۔

جیوش بیگ ترکی النسل تھا۔ سلطان محمد کا آزاد غلام تھا۔ ذی دل تھا۔ نیک سیرت تھا۔ جس وقت اسے موصل کی سند حکومت دی گئی اس وقت اس صوبہ میں کردوں کا بہت زور شور تھا۔ سارے صوبہ میں جا بجا قلعے بنوائے تھے ان کے شر و فساد سے رعایا کا حال تنگ تھا۔ قافلے کسی صورت نہیں جا سکتے تھے۔ جیوش بیگ نے ان کے قلع قمع کرنے اور زیر کرنے پر [illegible] کردوں کے تمام قلعوں کو بزور تیغ فتح کر لیا۔ ہکاریہ، زوزان [illegible] ان کے توڑنے سے کرد بلند پہاڑوں اور دروں میں جا کر پناہ لی۔ امن و امان قائم ہوا قافلے بلا خوف آنے جانے لگے[1]۔

وزیر ابوطالب سمیری کا قتل: کمال ابوطالب سمیری وزیر السلطنت سلطان محمود کے ہمراہ ہمدان جانے کے لیے روانہ ہوا۔ بیچ حشم و خدم کے ساتھ جا رہا تھا۔ راستہ تنگ تھا۔ سواروں اور پیادوں کا اژدہام ہو رہا تھا کہ راستے میں ایک باطنی[2] تیغ کر کے [illegible] اس کا تعاقب کیا اور وزیر السلطنت تنہا رہ گیا۔ ایک دوسرا باطنی آ پہنچا اس نے وزیر السلطنت کو گھوڑے سے کھینچ کر زمین پر گرا لیا اور چند زخم لگائے۔ رکاب کے سوار اور پیادے دوڑے تو [illegible] نے آگے بڑھ کے روک دیا۔ ایک تیسرے باطنی نے پہنچ کر وزیر السلطنت کا کام تمام کر دیا۔ یہ واقعہ اس کی وزارت کے چوتھے سال کا ہے[3]۔

کمال ابوطالب نہایت بدخلق بے رحم ظالم [illegible] تھا۔ لوگوں [illegible] تھا اس کے مارے جانے کے بعد سلطان محمود نے جتنے ٹیکس اس نے لگائے تھے ان سب کو موقوف کر دیا۔

ملک طغرل کی اطاعت: ہم اوپر تحریر کر آئے ہیں کہ ملک طغرل نے بمقام [illegible] (موجودہ [illegible]) ۵۱۵ھ میں سلطان محمود سے بغاوت کی مخالفت کا اعلان کیا [illegible] کی ترکیب سے فتح [illegible] ملک طغرل نے کچھ زمانہ [illegible] اس کے ساتھ اتابک سنقری (کنتغدی) [illegible] ملک طغرل کی شان اطاعت [illegible] آذربائیجان پر قبضہ کرنے کی [illegible] اسی اثنا

---

[1] یہ واقعات ۵۱۶ھ کے ہیں۔ [illegible] تاریخ ابن خلدون جلد ۵ صفحہ [illegible]

[2] باطنی ایک فرقہ تھا جس کو فرقہ شیعہ میں گنے [illegible] حسن بن صباح اس فرقہ کا بانی ہے [illegible] علماء کو قتل کر کے مسلمانوں کو نقصان پہنچانا ان کا فرض [illegible] اس فرقہ کا [illegible] بہت سے قلعے ان کے قبضہ میں تھے۔

[3] یہ واقعہ [illegible] ۵۱۶ھ [illegible] تاریخ ابن خلدون جلد ۵ صفحہ [illegible]

میں اتابک کنتغدی ماہ شوال ۵۱۵ھ میں مر گیا۔ آقسنقر احمدیلی والی مراغہ کو کنتغدی کی موت کی خبر سن کر عہدہ اتابکی کا لالچ دامن گیر ہوا۔ ملک طغرل کی خدمت میں حاضر ہوا اور سلطان محمود کی جنگ پر ابھارنا شروع کیا۔ چنانچہ ملک طغرل آقسنقر زنگی کے ہمراہ مراغہ کی جانب روانہ ہوا اور اردبیل پہنچا۔ اہل اردبیل نے شہر میں داخل ہونے سے روک دیا۔ شہر پناہ کے دروازے بند کر لیے۔ ناچار تبریز کی طرف کوچ کیا تب یہ خبر سننے میں آئی کہ سلطان محمود نے امیر جیوش بیگ کو آذربائیجان روانہ کیا ہے اور اسی علاقہ کی سند حکومت عطا کی ہے اور امیر جیوش بیگ کوچ و قیام کرتا ہوا ایک بڑے لشکر کی افسری کے ساتھ مراغہ پہنچ گیا۔ ملک طغرل کے ہوش جاتے رہے۔ تبریز سے (خونج) کی جانب کوچ کر دیا۔ حوصلے پست ہو گئے۔ اپنے خیالات کی جانب سے تنگ ہو کر ابہر میں پہنچ گیا۔ امیر شیرگیر کے پاس آدمی بھیجا اور امداد کی درخواست کی۔

امیر شیرگیر کی گرفتاری و رہائی: امیر شیرگیر بعہد حکومت سلطان محمد ملک طغرل کا اتابک تھا۔ سعدی (کنتغدی) اتابک نے سلطان محمد کے انتقال کے بعد امیر شیرگیر کو گرفتار کر لیا تھا۔ سلطان سنجر نے اسے قید سے نجات دی۔ امیر شیرگیر قید سے رہا ہو کر اپنے مقبوضہ شہروں ابہر اور زنجان چلا آیا۔ امیر شیرگیر نے ملک طغرل کے خط کا جواب موافقت میں دیا اور اس کے ساتھ ساتھ ابہر کی طرف چلا۔ لیکن ان لوگوں کا جو قصد و ارادہ تھا پورا نہ ہوا۔ اراکین دولت نے متفق ہو کر سلطان محمود کی خدمت میں معذرت نامہ روانہ کیا اور ملک طغرل نے سلطان محمود کی اطاعت قبول کر لی۔ یہ لڑائی ختم ہو گئی اور فتنہ و فساد رفع ہو گیا۔

وزیر شمس الملک کا قتل: وزیر السلطنت شمس الملک بن نظام الملک کی قدر و منزلت سلطان محمود کی آنکھوں میں بے حد بڑھی ہوئی تھی اسی وجہ سے اراکین دولت محمودی ہمیشہ اسے نیچا دکھانے کی فکر میں لگے رہتے تھے۔ اتفاق یہ کہ شمس الملک کے چچا زاد بھائی شہاب ابوالمحاسن وزیر سلطان سنجر کا انتقال ہو گیا۔ سلطان سنجر نے اس کی جگہ ابو طاہر قمی کو عہدہ وزارت عطا کیا۔ نظام الملک کے خاندان کا جانی دشمن تھا۔ ابو طاہر نے شمس الملک وزیر السلطنت کی مخالفت پر سلطان سنجر کو کہہ سن کر ابھار دیا۔ سلطان سنجر نے سلطان محمود کو وزیر السلطنت شمس الملک کو معزول کرنے کا حکم بھیج دیا۔ سلطان محمود نے اسے گرفتار کر کے طغایرک کے حوالے کر دیا۔ طغایرک نے قلعہ خلخال میں قید کر دیا اور چند روز بعد مار ڈالا۔

مقتول وزیر شمس الملک کا بھائی نظام الدین احمد خلیفہ مسترشد باللہ عباسی کا وزیر تھا۔ خلیفہ مسترشد نے شمس الملک کی معزولی کی خبر پا کر نظام الدین احمد کو معزول کر کے جلال الدین ابو علی ابن صدقہ کو عہدہ وزارت عطا کیا۔

گرج اور قفچاق میں نفاق: عرصہ ہوا کہ ایک وفد ([illegible]) اہل دربند و شروان کا سلطان محمود کی بارگاہ میں فریادی صورت بنائے حاضر ہوا۔ گرج کے مظالم و زیادتی کی شکایت کی اور حمایت و امداد کا خواستگار ہوا۔ سلطان محمود فوج آراستہ کر کے ان کی امداد پر روانہ ہوا۔ گرج کے لشکر کے قریب پہنچا۔ لشکر گرج کی کثرت سے گھبرا گیا۔ وزیر السلطنت شمس نے واپس چلنے کی رائے دی۔ اہل شروان نے دست بستہ عرض کیا "گرج کو [illegible] موجب ہماری ہلاکت ہو گا

۱: تاریخ ابن خلدون میں [illegible] نہیں ہے۔ یہ واقعہ تاریخ کامل ابن اثیر سے نقل کیا ہے۔

مسلمانوں کی شامت آ جائے گی اور ان کے دل کمزور ہو جائیں گے۔ سلطان اپنے لشکرگاہ میں تھا مغرب ہی میں ہم لوگ سینہ سپر ہو کر لڑیں گے۔" سلطان محمود نے کوچ کا خیال چھوڑ دیا۔ خوف و فکر کی حالت میں رات گزار رہے تھے کہ اسی شب میں گرج اور چمک شروع ہو گئی۔ آندھی میں کتنے مرنے لگے کہ شدت ہونے پائی کہ لشکر کا یہ خیال کر کے کہ حریف کے مقابلہ میں ہمیں شکست ہوئی اور وہ ہم پر آ پڑا ہے بھاگ نکلا۔ سلطانی لشکر دشمنوں کے مقابلہ میں جا ٹھہرا۔ میدان حاصل کر کے ہمدان واپس آیا۔

برسقی کی معزولی: خلیفہ مسترشد باللہ عباسی اور دبیس بن صدقہ والی حلہ سے مقام مبارک (اطراف عراق) میں معرکہ آرائی ہوئی تھی، برسقی خلافت مآب کی رکاب میں تھا۔ اس واقعہ میں دبیس کو شکست ہوئی تھی جیسا کہ اس کے موقع پر بیان کیا گیا۔ دبیس شکست پا کر غزیہ (نجد) پہنچا۔ اہل غزیہ (عرب نجد) سے مدد و اعانت کا خواستگار ہوا لیکن انہوں نے صاف انکار کر دیا۔ منتفق کے یہاں پہنچا۔ یہی حال شہر کا منتفق نے امداد کا اقرار کیا۔ چنانچہ دبیس ان کے ہمراہ بصرے کی طرف روانہ ہوا۔ پہنچتے ہی بصرے کو لوٹ لیا۔ اکثر اہل بصرہ کو قتل و پامال کیا۔ سنان حاکم بصرہ کو مار ڈالا۔ خلیفہ مسترشد کو اطلاع ہوئی۔ برسقی پر سخت ناراضی کا اظہار کیا۔ تہدید آمیز فرمان بھیجا کہ "تمہاری سستی اور غفلت سے اہل بصرہ اس حال کو پہنچے ایسا مناسب ہے کہ اب بھی تم ان کی حمایت پر مستعد ہو جاؤ ورنہ اپنی جانب کی ناراضگی کی کوئی حد نہ ہوگی۔" برسقی فوجیں لے کر بصرہ کی حمایت پر روانہ ہوا۔ دبیس بصرہ چھوڑ کر بھاگ گیا۔ عیسائیوں کے پاس پہنچا اور ان کے ساتھ حلب کے محاصرہ پر آیا۔ والی حلب کی مستعدی سے عیسائیوں کے دانت کھٹے ہو گئے۔ ۵۱۸ھ میں ناکام واپس ہوئے۔ دبیس ان سے علیحدہ ہو گیا۔ ملک طغرل بن سلطان محمد کے پاس پہنچا، بہکانا شروع کیا۔ عراق پر فوج کشی اور قبضہ کی ترغیب دینے لگا جیسا کہ آپ ان واقعات کو اوپر پڑھ آئے ہیں۔

برقش زکوی کی تقرری: ان واقعات اور بعض ایسی ہی امور کی وجہ سے خلیفہ مسترشد باللہ عباسی کے آئینہ دل میں برسقی کی جانب سے غبار پیدا ہو گیا۔ سلطان محمود کو لکھ بھیجا کہ "برسقی کو عراق کی پولیس افسری سے معزول کر دو۔" سلطان محمود نے اس کے حکم کے مطابق برسقی کو عراق کی افسری پولیس سے برطرف کر دیا۔ عیسائیوں پر جہاد کی غرض سے موصل جانے کا حکم دیا۔ برقش زکوی کو عراق کی پولیس افسری عطا ہوئی۔ برقش زکوی کا نائب دارالخلافت بغداد پہنچ کر برسقی سے چارج لیا اور بغداد میں قیام پذیر ہوا۔

سلطان محمود نے اپنے چھوٹے لڑکے کو برسقی کے پاس کام سیکھنے کی غرض سے بھیج دیا۔ برسقی سلطان محمود کے لڑکے کو اپنے ہمراہ لیے موصل پہنچا۔ اہل موصل نے نہایت جوش اور مسرت سے استقبال کیا اور برسقی گورنری کے فرائض انجام دینے لگا۔

عماد الدین زنگی کی گورنری بصرہ: عماد الدین زنگی امیر برسقی کے حاشیہ نشین مصاحبوں سے تھا۔ جس وقت سلطان محمود کی بارگاہ سے برسقی کو واسط کی حکومت عطا ہوئی، برسقی نے عماد الدین زنگی کو اپنا نائب مقرر کر کے واسط روانہ کیا۔ ایک مدت تک عماد الدین زنگی واسط کا فرمانروا رہا۔ پھر جب برسقی دبیس کی گوشمالی کے لیے بصرہ آیا اور دبیس بصرہ چھوڑ کر چلا گیا تو برسقی نے عماد الدین زنگی کو واسط سے طلب کر کے بصرہ کی حکومت پر مامور کیا۔ عماد الدین زنگی نے نہایت خوبی سے

بصرہ کا نظم ونسق درست کیا، عرب کے لٹیروں کی دست برد سے اسے محفوظ رکھا مگر جب برسقی موصل کا گورنر ہوا تو منتظم اور کفایت شعار ہونے کی وجہ سے عماد الدین زنگی کو موصل طلب کیا۔ عماد الدین زنگی بار بار کی تبدیلی اور تقرری کو گوارا نہ کر سکا مستعفی ہو کر سلطان محمود کے دربار میں بمقام اصفہان حاضر ہوا۔ سلطان محمود عزت واحترام سے پیش آیا اور بصرے کی سند گورنری عطا کی۔ عماد الدین زنگی کی دلی خواہش یہی تھی۔ ۵۱۸ھ میں بصرہ کی حکومت پر واپس آیا۔

حلب پر برسقی کا قبضہ: عیسائیوں نے شہر صور[۱] کی تسخیر کے بعد دوسرے بلاد اسلامیہ کو تسخیر کرنے کے لیے بہت بڑے لشکر سے حملہ کیا۔ دبیس نے بھاگ جانے اور اس کی سازش نے سونے پر سہاگہ کا کام دیا۔ (یہ آپ کو یاد ہوگا کہ دبیس بصرہ سے شکست کے بعد عیسائیوں کے پاس چلا گیا تھا اور انہیں تسخیر حلب کی ترغیب دے کر حلب کے محاصرہ میں ان کے ساتھ آیا تھا) عیسائی فوجیں حلب پر آ اتریں۔ اہل حلب نے مدافعت پر کمر باندھی لیکن[۲] ...... بن ارتق والی حلب نے برسقی والی موصل سے امداد طلب کی۔ برسقی نے اس شرط سے امداد کا وعدہ کیا کہ قلعہ حلب میرے نائب کے حوالے کیا جائے۔ تاقی نے اس شرط کو منظور کیا۔ برسقی فوجیں مرتب کر کے حلب کی طرف روانہ ہوا۔ عیسائی فوجیں برسقی کی آمد کی خبر پا کر محاصرہ اٹھا کر کوچ کر گئیں۔ برسقی بلا جنگ وجدال کامیابی کے ساتھ حلب میں[۳] داخل ہوا، قبضہ کیا۔ اس کے بعد کفر طاب[۴] کو بھی عیسائیوں سے چھین لیا۔ قلعہ اعزاز پر چڑھ گیا۔ قلعہ اعزاز جوسلین عیسائی بادشاہ کے قبضہ میں تھا۔ برسقی نے اس پر محاصرہ ڈالا۔ عیسائیوں کو اس کی خبر لگی، چاروں طرف سے عیسائی مجاہدین جمعیت باندھ کر قلعہ اعزاز کے بچانے کے لیے آئے۔ وقت[۵]

---

[۱] شہر صور میں خلیفہ آمر باحکام اللہ عبیدی مصری کی حکومت کا سکہ چلتا تھا، یہاں عز الملک' نائب السلطنت امیر الجیوش افضل کا بیٹا والی حکم تھا۔ عیسائی بادشاہوں نے کئی بار اسے لڑا، محاصرہ کیا۔ ۵۰۶ھ میں بردویل فرانس سے صور کے فتح کرنے کے لیے بہت فوج روانہ کی۔ عز الملک نے اتابک طغتکین والی دمشق سے امداد طلب کی۔ اتابک طغتکین نے امیر مسعود کو اہل صور کی کمک پر مامور کیا۔ عیسائی فوجیں امیر مسعود کی آمد کی خبر پا کر بلا کسی لڑائی کے واپس گئیں۔ امیر مسعود صور میں داخل ہوا۔ عنان حکومت ہاتھ میں لی۔ خطبہ اور سکہ خلیفہ علوی مصری ہی کا جاری رکھا۔ خلیفہ آمر مصری اور امیر الجیوش افضل کو اس خبر سے بے حد مسرت ہوئی۔ ۵۱۵ھ تک مسعود صور پر بدستور والی رہا۔ امیر الجیوش افضل کے قتل کے بعد خلیفہ مصری نے مسعود کو فریب سے گرفتار کر کے دمشق واپس کر دیا اور ایک دوسرے شخص کو صور کی حکومت پر مامور کیا۔ عیسائیوں کو اس کی خبر لگی تو فوجیں فراہم کر کے ماہ ربیع الاول ۵۱۸ھ میں صور کا محاصرہ کر لیا۔ نہایت شدت سے لڑائی شروع کی۔ اتابک طغتکین والی دمشق نے صور کی حمایت پر کمر باندھی، بانیاس کی طرف بڑھا لیکن عیسائیوں نے [illegible] طغتکین نے خلیفہ مصری کو اس سے مطلع کیا، امداد کی درخواست کی، مصر سے کچھ نہ ہو سکا۔ صور والے محصور ہو گئے۔ ۲۳ جمادی الاول سنہ مذکورہ میں عیسائیوں نے صور پر قبضہ کر لیا۔ کامل ابن اثیر جلد ۱۰ صفحہ ۲۱۸، ۲۴۲ مطبوعہ لیدن۔

[۲] اصل کتاب میں ایسا ہی لکھا ہے۔

[۳] یہ واقعہ ۵۱۸ھ کا ہے۔ تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۱۰ صفحہ ۲۲۴ مطبوعہ لیدن۔

[۴] کفر طاب ملک شام کا ایک شہر ہے ۵۱۸ھ میں برسقی نے اس پر عیسائیوں سے قبضہ حاصل کیا۔ تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۱۰ صفحہ ۲۲۴ مطبوعہ لیدن۔

[۵] شہر کے قلعہ اعزاز میں ایک ہزار سے زیادہ مسلمان کام آئے۔ تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۱۰ صفحہ ۲۲۴ مطبوعہ لیدن۔

اور قونیہ پر جنگ سے قبضہ کیا۔ بدرقی کو کامیابی نہ ہوئی ملطیہ واپس آیا۔ مسعود نے اپنے لڑکے کو ملطیہ کا حاکم مقرر کیا اور دریائے فرات عبور کر کے موصل پہنچا۔

ملک طغرل و دبیس کی روانگی عراق: جب سنجر کی فوج کی واپسی پر دبیس ان سے علیحدہ ہو گیا۔ ملک طغرل کی خدمت میں پہنچا ملک طغرل نے عزت و احترام سے ملاقات کی اپنے ہم نشینوں میں داخل کر لیا۔ دبیس کی چال تھی۔ تاہم توقع نہ چھوڑی قبضہ عراق کی ترغیب دی قبضہ دلانے کا ذمہ لیا چنانچہ ۵۲۶ھ میں دونوں عراق کی طرف روانہ ہوئے دقوقا پہنچے مجاہد الدین بہروز نے تکریت سے خلیفہ مسترشد باللہ عباسی کو ملک طغرل اور دبیس کے ارادہ سے مطلع کیا خلیفہ عباسی ان کی روک تھام کو مستعد ہو گیا۔ بتاریخ ۵ صفر ۵۲۶ھ میں جنگ کے ارادے سے دارالخلافت بغداد سے کوچ کیا۔ برنقش زکوی کو کوتوال بغداد کے ساتھ رہنے کا حکم دیا۔ خانقین میں پہنچ کر خیمہ زن ہوا۔ ملک طغرل اور دبیس اس سے مطلع ہو کر خراسان کا راستہ چھوڑ کر چلے۔ پیچھے اور خلافت مآب خانقین سے بغداد واپس آ گئے۔ وزیر السلطنت جلال الدین ابن صدقہ خلافت پناہی کے مقدمۃ الجیش کا سردار تھا۔

دبیس کی روانگی نہروان: ملک طغرل اور دبیس میں یہ طے پایا کہ دبیس جلد سے جلد نہروان پہنچ کر نہروان کا پل توڑ دے خلافت مآب کے لشکر کو عبور سے روکے اور جب ملک طغرل آ جائے تو اس کے ہمراہ بغداد پر حملہ کرنے کو بڑھے اس قرارداد کے مطابق نہروان کی جانب دبیس نے کوچ کیا اتفاق یہ کہ ملک طغرل بیمار ہو گیا۔ پانی زور کا برسا نقل و حرکت سے مجبور ہو گیا۔ دبیس تو کسی طرح بارش اور سردی سے کانپتا نہروان پہنچا۔ بھوک لگی تھی اونٹ کپڑے اور اشیاء خوردنی سے لدے دارالخلافت بغداد سے خلیفہ مسترشد باللہ عباسی کے پاس جا رہے تھے۔ دبیس نے انہیں لوٹ لیا۔ آسودہ ہو کر کھایا بھیگے کپڑے اتار ڈالے دوسرے کپڑے پہنے دھوپ میں لیٹ پاؤں پسار کے سو گیا۔

ملک طغرل اور دبیس کا ہمدان میں ظلم و جور: خلیفہ مسترشد باللہ عباسی کو ملک طغرل اور دبیس کے ارادے سے آگاہی ہوئی لشکر کو کوچ کا حکم دیا بغداد کی جانب روانہ ہوا۔ اثنائے راہ میں نہروان کے قریب جانب دبیس ملا دبیس آنکھیں نیچی کر کے زمین بوسی کرتے ہوئے دست بستہ معافی تقصیر کی درخواست کی۔ خلافت مآب نے قصور معاف کر دیا۔ اس کے بعد وزیر السلطنت جلال الدین ابن صدقہ خلافت مآب کے دربار میں حاضر ہوا۔ خلافت مآب کی رائے کی تحریک کی نہروان کے پل کو تیار کرانے میں مصروف ہوا۔ ابھی برنقش زکوی سے بحث کرنے لگا۔ خلافت مآب اور وزیر السلطنت کو غافل پا کر چلتا ہوا اور ملک طغرل سے جا ملا۔ خلافت پناہی بغداد کی جانب واپس ہو گئے۔ ملک طغرل اور دبیس ہمدان پہنچے ملک طغرل اور دبیس نے ہمدان پہنچ کر فساد مچا دیا لوٹ مار اور قتل و غارت گری کا بازار گرم کیا۔ بہت سے قصبات اور شہروں کو لوٹ لیا۔ خوار اور برباد کر دیا سب سے زیادہ لوگوں کو پریشان کیا۔ سلطان مسعود کو اس کی اطلاع ہوئی گوشمالی کی غرض سے لشکر بڑھا ملک طغرل اور دبیس سر پر پاؤں رکھ کر بھاگ نکلے خراسان میں سنجر کی خدمت میں حاضر ہوئے خلیفہ مسترشد باللہ عباسی اور برنقش زکوی کی اپنی شکایت کی۔

یرنقش زکوی کی ریشہ دوانی خلیفہ مسترشد باللہ عباسی کو یرنقش زکوی شحنہ بغداد کے افسر پولیس سے نفرت پیدا ہوئی [illegible] تنبیہ کی۔ یرنقش زکوی ماہ رجب ۵۲۰ھ میں بخوف جان بغداد چھوڑ کر سلطان محمود کے پاس چلا گیا۔ خلیفہ مسترشد باللہ عباسی کی طرف سے کان بھرنے شروع کیے اور یہ سمجھا دیا کہ خلیفہ مسترشد باللہ عباسی نے بے حد افواج مہیا کر لی ہے قوت دن بدن بڑھتی جاتی ہے اور وہ قریب معلوم ہوتا ہے کہ حضور والا سے لڑائی کا بہانہ ڈھونڈ کر کشیدگی کا اظہار کرے اور بیٹھے بٹھائے [illegible] اس وقت بادشاہ سلامت پر مقابلہ دشوار ہو جائے گا۔ سلطان محمود یہ سن کر [illegible] گیا اور عراق کی روانگی کا ارادہ کیا۔ خلیفہ مسترشد باللہ عباسی نے نرمی اور مہربانی سے روکنا چاہا اور یہ کہلا بھیجا کہ اس وقت آپ عراق کا ارادہ ترک کر دیجئے۔ اس اطراف کی ویرانی اور بربادی بے حد بڑھ گئی ہے جب [illegible] باقی ہے اور گرانی اور ارزانی سے تبدیل ہو جائے تو اس قصد کو پورا کیجئے گا۔

سلطان محمود کی بغداد کی جانب پیش قدمی سلطان محمود نے اصلیت کا کچھ خیال نہ کیا یرنقش زکوی کے پیدا کیے خیال کی اس نے تصدیق کر لی اور نہایت عجلت سے بغداد کی جانب کوچ کیا۔ خلیفہ مسترشد باللہ عباسی اپنے اہل و عیال اور اولاد خاندان کے ساتھ [illegible] دارالخلافت بغداد سے ماہ ذی القعدہ ۵۲۰ھ میں غربی بغداد کی طرف روانہ ہوا۔ اہل بغداد خلافت مآب کی جدائی کی تاب نہ لا سکے۔ زار زار رونے لگے۔

جنگ سلطان محمود و خلیفہ مسترشد باللہ پھر سلطان محمود نے جب [illegible] خلافت مآب کی خدمت میں دارالخلافت واپس جانے کا پیام بھیجا۔ خلافت مآب نے اس شرط پر [illegible] سلطان محمود واپس چلا جائے پیش کرنے سے انکار کیا۔ تب [illegible] بغداد کی جانب بڑھا۔ خلیفہ مسترشد غربی بغداد میں قیام پذیر ہوا اور [illegible] عفیف خادم کی افسری کے ساتھ [illegible] نائب السلطنت کو روکنے کی غرض سے واسط روانہ کیا۔ سلطان محمود کی طرف سے عماد الدین زنگی والی بصرہ مقابلہ پر آیا۔ عفیف کو شکست دی۔ عفیف کا لشکر پامال کیا گیا۔ بہتیرے قتل ہوئے قید کیے گئے۔ خلیفہ مسترشد نے کشتیوں کو جمع کیا اور قصر خلافت کے دروازے بند کرا دیئے اور دربان اور ارباب مناصب کو سرائے خلافت کی حفاظت پر متعین کیا۔

سلطان محمود کی بغداد میں آمد ۲۰ ذی الحجہ ۵۲۰ھ میں سلطان محمود اپنے لاؤ لشکر کے ساتھ بغداد میں داخل ہوا [illegible] خلیفہ مسترشد سے [illegible] صلح کا پیام کرتا رہا خلیفہ مسترشد انکار کرتا رہا۔ دونوں فوجوں میں ایک روز جنگ ہو گئی۔ سلطان محمود کی فوج [illegible] سرائے خلافت میں گھس کر تاج خلافت کو لوٹ لیا۔ یہ واقعہ یکم محرم ۵۲۱ھ کا ہے۔ باشندگان بغداد کو اس سے سخت غصہ اور اشتعال پیدا ہوا۔ جنگ چھڑ گئی۔ محلے کے لڑکے، جوان اور بوڑھے تلواریں لے کر [illegible] خلیفہ مسترشد باللہ عباسی بھی پردہ سے نکل آیا۔ آگے بلند آواز سے "[illegible]" پکارتے لگے [illegible] جنگ کرنے لگے [illegible] سلطان محمود کے لشکر کو [illegible] امراء اور وزراء کے مکانات کی لوٹ میں مصروف ہو گئے۔ سرائے خلافت کے تہ خانے میں ایک بڑا جماعت چھپے تھے ان لوگوں سے [illegible] سلطان محمود کے امراء کی ایک جماعت کو گرفتار کیا۔ عوام الناس نے سلطان محمود کے وزیروں، امیروں اور [illegible] مکانات کو لوٹ لیا۔ ایک گروہ [illegible] کیا۔ اس کے بعد مسترشد

باللہ عباسی نے شکست دی۔ جس کے بعد دبیس بن صدقہ اور طغرل نے ساتھ مل کر بغداد کی طرف پیش قدمی کی۔ سلطانی لشکر نے مقابلہ اور بغداد سے ان کو باہر نکلنے پر مجبور کر دیا۔ بغداد کے دروازے بند کر دیے۔ سلطان لشکر پر شب خون اور محاصرے کا تعاقب جاری رہا اور پھر ان سے نجات پائی۔

خلیفہ مسترشد اور سلطان محمود کی مصالحت اسی اثناء میں عماد الدین زنگی بصرہ سے ایک بڑا لشکر لیے ہوئے پہنچا اور سلطان محمود کی کمک کو پہنچ گیا۔ اہل بغداد کے چھکے چھوٹ گئے کیونکہ خطرے کے قتل و غارت شب خون کے منصوبے بنائے گئے۔ خلیفہ مسترشد باللہ عباسی نے اپنی طرف سے صلح کی بات چیت کی۔ صلح کا پیام بھیجا گیا اور یہ معاملہ طے ہوئی۔ سلطان محمود نے اہل بغداد کی خطا معاف کر دی۔ ۱۰ ربیع الآخر ۵۲۱ھ کو سلطان محمود نے خلیفہ مسترشد باللہ عباسی سے ملاقات کی اور رخصت ہو کر سلطان محمود نے عماد الدین زنگی کو عراق کا شحنہ اور ریاست واسط و بصرہ کے ساتھ بغداد کی پولیس افسری عطا فرمایا اور ہمدان کی جانب واپس ہوا۔

وزیر ابوالقاسم کی معزولی اور رہائی چونکہ وزیر السلطنت ابوالقاسم علی بن ناصر انساباذی نامی دولت سے سلطان محمود سے جو چاہتا تھا کہلوا لیتا اور اس کے ذریعے خلیفہ مسترشد باللہ عباسی سے معاملات کرتے رہتا تھا لیکن سلطان محمود اور خلیفہ مسترشد باللہ عباسی کے درمیان صلح کرانے میں اس نے کوشش کی۔ یہی اس کا جرم ٹھہرا۔ چنانچہ ماہ رمضان میں سلطان محمود نے وزیر السلطنت ابوالقاسم کو معزول کر کے قید کر دیا اور شرف الدین انوشیروان بن خالد کو بغداد سے طلب فرمایا اور شعبان ۵۲۱ھ میں اصفہان حاضر ہوا۔ سلطان محمود نے اسے عہدۂ وزارت عطا کیا۔ دس مہینے بعد معزول کر دیا گیا۔ بغداد واپس آیا اور تبدیلی ہی میں وزیر سابق ابوالقاسم قید ہی میں مبتلا رہا۔ جب سلطان سنجر عراق آیا تو اس نے وزیر ابوالقاسم کو قید سے نکال کر سلطان محمود کی وزارت پر دوبارہ مقرر کر دیا۔

